# प्रश्न–पत्र की योजना

कक्षा – **12**

विषय – **उर्दू साहित्य (SS-22)**

अवधि – 3 घण्टे 15 मिनट पूर्णांक – 80

1. उद्देश्य हेतु अंकभार –

| क्र.सं. | उद्देश्य | अंकभार | प्रतिशत |
|---|---|---|---|
| 1. | ज्ञान | 25 | 31.25 |
| 2. | अवबोध | 25 | 31.25 |
| 3. | अभिव्यक्ति | 20 | 25.00 |
| 4. | मौलिकता | 10 | 12.50 |
| योग | | **80** | **100** |

2. प्रश्नों के प्रकारवार अंकभार –

| क्र. सं. | प्रश्नों का प्रकार | प्रश्नों की संख्या | अंक प्रति प्रश्न | कुल अंक प्रतिशत | प्रतिशत प्रश्नों का | संभावित समय |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | वस्तुनिष्ठ | 1. (i-xii) = 12 | 1 | 15 | 4.35 | 23 |
| 2. | अतिलघूत्तरात्मक | 2. (i-vi), (i-xii) = 18 | 1 | 22.50 | 8.70 | 41 |
| 3. | लघूत्तरात्मक | 13 | 2 | 32.50 | 56.52 | 57 |
| 4. | दीर्घउत्तरीय प्रश्न | 4 | 3 | 15 | 17.39 | 33 |
| 5. | निबंधात्मक | 3 | 4 | 15 | 13.04 | 41 |
| | योग | **23** | **-** | **100** | **100** | **195** |

विकल्प योजना : आन्तरिक 17,18,19,20,21,22,23

3. विषय वस्तु का अंकभार –

| क्र.सं. | विषय वस्तु | अंकभार | प्रतिशत |
|---|---|---|---|
| 1. | गुलिस्तान–ए–अदब ( हिस्सा–ए–नस्र) | 26 | 32.50 |
| 2. | गुलिस्तान–ए–अदब ( हिस्सा–ए–नज़्म) | 26 | 32.50 |
| 3. | खयाबान–ए–उर्दू | 12 | 15 |
| 4. | उर्दू की अहम असनाफ़ | 08 | 10 |
| 5. | रचना– मज़मून निगारी | 08 | 10 |
| | योग | 80 | 100 |

# प्रश्न–पत्र ब्ल्यू प्रिन्ट

कक्षा – 12 विषय :– उर्दू साहित्य (SS-22) पूर्णांक – 80

| क्र. सं. | उद्देश्य इकाई / उप इकाई | ज्ञान | | | | | अवबोध | | | | | ज्ञानोपयोग / अभिव्यक्ति | | | | | कौशल / मौलिकता | | | | | योग |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | वस्तुनिष्ठ | अति.लघु | लघु उत्तरात्मक | दीर्घउत्तरीय | निबन्धात्मक | वस्तुष्ठि | अति.लघु | लघु उत्तरात्मक | दीर्घउत्तरीय | निबन्धात्मक | वस्तुष्ठि | अति.लघु | लघु उत्तरात्मक | दीर्घउत्तरीय | निबन्धात्मक | वस्तुष्ठि | अति.लघु | लघु उत्तरात्मक | दीर्घउत्तरीय | निबन्धात्मक | |
| 1. | गुलिस्तान–ए–अदब (हिस्सा–ए–नस्र) | 4(1) | 4(2) | | | 2(1) | | 2(-) | 2(1) | | 2(-) | | | 4(2) | 3(1) | | | | | 3(1) | | 26(9) |
| 2. | गुलिस्तान–ए–अदब (हिस्सा–ए–नज़्म) | 4(-) | 4(-) | | | 2(1) | | 2(-) | 4(2) | | 2(-) | | | 2(1) | 3(1) | | | | | 3(1) | | 26(6) |
| 3. | खयाबान–ए–उर्दू | | 2(-) | | | | 2(-) | 2(-) | 2(1) | | | | | 4(2) | | | | | | | | 12(3) |
| 4. | उर्दू की अहम असनाफ़ | | 1(-) | 2(1) | | | 2(-) | 1(-) | 2(1) | | | | | | | | | | | | | 8(2) |
| 5. | रचना– मज़मून निगारी | | | | | | | | | | | | | 4(2) | | | | | | | 4(1) | 8(3) |
| | | **8(1)** | **11(2)** | **2(1)** | | **4(2)** | **4(-)** | **7(-)** | **10(5)** | | **4(-)** | | | **14(7)** | **6(2)** | | | | | **6(2)** | **4(1)** | **80(23)** |
| | | **25(6)** | | | | | **25(5)** | | | | | **20(9)** | | | | | **10(3)** | | | | | |

विकल्पों की योजना :– प्र.सं. 17,18,19,20,21,22,23 में एक आंतरिक विकल्प है नोटः– कोष्ठक में बाहर की संख्या अंकों की तथा भीतर प्रश्नों की द्योतक है।

नोट :–मूल प्रश्न सं. 01 में कुल 12 वस्तुनिष्ठ प्रश्न है।
मूल प्रश्न सं. 02 में कुल 06 रिक्त स्थान वाले प्रश्न है।
मूल प्रश्न सं. 03 में कुल 12 अतिलघूत्तरात्मक प्रश्न है।

हस्ताक्षर

# SENIOR SECONDARY EXAMINATION-2023

## MODEL PAPER-2023

## URDU LITERATURE

## اُردو ادب

Time : 3.15 Hours | Max. Marks :80

طلبہ کے لیے ہدایات:-

(i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہیں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوش خط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

### حصّہ (الف) (SECTION-A)

1۔ مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے دیے گئے چار جوابات میں سے صحیح جواب کو اپنی کاپی میں لکھیے:-

(i) آپ کے نصاب میں شامل غالبؔ کے خط کے مطابق بلوہ کہاں ہوا تھا؟ 1

(A) ہاتھرس میں (B) دہلی میں

(C) جے پور میں (D) کشمیر میں

(ii) احتشام حسین کب پیدا ہوئے؟ 1

(A) 1911ء میں (B) 1912ء میں

(C) 1913ء میں (D) 1914ء میں

(iii) کلیم الدین احمد کا خاکہ کس نے لکھا؟ 1

(A) خورشید الاسلام (B) خواجہ حسن نظامی

(C) احمد جمال پاشا (D) اقبال مجید

(iv) ''ستاروں سے آگے'' پہلا افسانوی مجموعہ ہے: 1

(A) سریندر پرکاش کا (B) اقبال مجید کا

(C) شفیع جاوید کا (D) قرۃ العین حیدر کا

(v) حالیؔ کا پورا نام تھا: 1

(A) مشتاق احمد حالیؔ (B) الطاف حسین حالیؔ

(C) جمیل احمد حالیؔ (D) برکت حسین حالیؔ

(vi) ''دیوان'' کس شاعر کی غزلوں کا مجموعہ ہے؟ 1

(A) الطاف حسین حالیؔ کا (B) آرزوؔ لکھنوی کا

(C) ناصرؔ کاظمی کا (D) راجندر منچندا بانیؔ کا

(vii) نظم ''گورِ غریباں'' کس زبان سے اُردو میں ترجمہ کی گئی ہے؟ 1

(A) انگریزی سے (B) یونانی سے

(C) فارسی سے (D) عربی سے

(viii) جمیلؔ مظہری کہاں پیدا ہوئے؟ 1

(A) حیدرآباد میں (B) احمد آباد میں

(C) فیض آباد میں (D) عظیم آباد میں

(ix) ڈرامہ ''یہودی کی لڑکی'' کے مصنف کا نام ہے: 1

(A) منشی پریم چند (B) آغا حشر کاشمیری

(C) نرمل ورما (D) پطرس بخاری

(x) سبق ''مرحوم کی یاد میں''، میں مصنف نے مرزا صاحب سے بائیسکل کتنے روپے میں خریدی تھی؟ 1

(A)20 روپے میں (B)30 روپے میں

(C) 40روپے میں (D)50 روپے میں

(xi) مختصر افسانے کا آغاز کس صدی میں ہوا؟ 1

(A)اٹھارویں صدی میں (B) اُنیسویں صدی میں

(C)بیسویں صدی میں (D) اکیسویں صدی میں

(xii) اُردو کی سب سے مقبول شعری صنفِ سخن کون سی ہے؟ 1

(A)غزل (B)نظم

(C)رُباعی (D)مثنوی

2۔ مندرجہ ذیل خالی جگہوں میں صحیح جواب بھر کر جملہ پورا کیجیے:-

(i) سبق مچھر کے مصنف..................ہیں۔ 1

(ii) تو شروع کرتا ہوں نام لے کر اُس..................کا جس نے یہ دنیا بنائی۔ ۱

(iii) کسان کانفرنس..................باغ میں تھی، جہاں پر ہزاروں پنجابی کسان اکٹّھے ہوئے تھے۔ 1

(iv) سُلگ اُٹھی ہے انتقام کی.................. 1

(v) میں ایک حادثہ بن کر کھڑا تھا..................میں۔ 1

(vi) ن۔م۔راشدؔ کا پورا نام..................تھا۔ 1

3۔ مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے:-

(i) آپ کے نصاب میں شامل غالبؔ کا پہلا خط کس کے نام لکھا گیا ہے؟ 1

(ii) افسانہ ''میں، وہ''، میں کس ریلوے اسٹیشن کے پلیٹ فارم کا ذکر کیا گیا ہے؟ 1

(iii) آپ کے نصاب میں شامل کرشن چندر کے سبق کا نام کیا ہے؟ 1

(iv) سریلی بانسری کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟ 1

(v) ’’آنے والے کسی لمحے کو صدا دی جائے‘‘ میں صدا کے معنی کیا ہیں؟ 1

(vi) اقبالؔ کے کسی ایک شعری مجموعے کا نام لکھیے۔ 1

(vii) پریم چند کا اصل نام کیا تھا؟ 1

(viii) ’’جلتی جھاڑی‘‘ کس زبان کی کہانی کا اُردو ترجمہ ہے؟ 1

(ix) کہانی ’’کلرک کی موت‘‘ میں کلرک چیرویاکوف نے کس پر چھینک دیا تھا؟ 1

(x) کہانی ’’جنم دن‘‘ کے مصنف کون ہیں؟ 1

(xi) سبق ’’غالبؔ جدید شعرا کی مجلس میں‘‘ کس نثری صنف سے متعلق ہے؟ 1

(xii) نظم کے لغوی معنی کیا ہیں؟ 1

## حصّہ (ب) (SECTION-B)

نوٹ:- مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات تقریباً 50 الفاظ میں لکھیے:-

4۔ خورشید الاسلام کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ 2

5۔ فصل پک جانے پر ہوری خوش کیوں تھا؟ 2

6۔ رام لعل پاکستان کیوں جانا چاہتے تھے؟ 2

7۔ معین احسن جذبیؔ کے کنہیں دو شعری مجموعوں کے نام لکھیے۔ 2

8۔ ’’الٰہی شام اب اس گانو میں نہ آنے پائے‘‘ میں نظم ’’یا دنگر‘‘ کا کردار شام سے کیوں خوف زدہ ہے؟ 2

9۔ شاعر دل اور آسمان سے کیوں ڈرا ہوا ہے؟ 2

10۔ پریم چند نے اپنے ناول کا عنوان بیوہ کیوں رکھا؟ 2

11۔ ڈراما ’’یہودی کی لڑکی‘‘ کے دو اہم کرداروں کے نام لکھیے۔ 2

12۔ مصنف نے بائیسکل کو دریا میں کیوں پھینک دیا؟ 2

13۔ خاکہ نگاری کسے کہتے ہیں؟ 2

14۔ مطلع کی تعریف لکھیے۔ 2

15۔ فکری مضمون کسے کہتے ہیں؟ 2

16۔ مضمون نویسی میں 'نفسِ مضمون' میں کیا لکھا جاتا ہے؟ 2

## حصّہ ج (SECTION-C)

نوٹ:- مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات تقریباً 120 الفاظ میں لکھیے:-

17۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے:- 3

ان تصویروں میں جن کا تعلق میرے ذہنی پس منظر سے ہے ایک تصویر میرے ذہن میں بہت واضح ہے۔ میں ایک بیل گاڑی کے پاس کھڑا ہوں۔ ہم ایک گاؤں چھوڑ کر دوسرے گاؤں میں جا رہے ہیں۔ ہمارا سامان بیل گاڑی میں لادا جا رہا ہے اور میں یہ منظر بڑی بے بسی کے ساتھ دیکھ رہا ہوں۔ بے بسی اس لیے کہ میں یہ گاؤں نہیں چھوڑنا چاہتا تھا۔ اس گاؤں کا نام رکڑی تھا۔ یہاں بہت سے جوہڑ تھے۔ جوہڑوں میں کنول اور نیلوفر کھلتے تھے۔ سب طرف بڑے بڑے آموں کے گھنے باغ تھے۔ باغوں میں کھلیان پڑتے تھے۔ کویلیں کوکتی تھیں۔ پپیہے بولتے تھے۔

یا

آج بھی وہ کونے والے بنچ پر آ کر بیٹھ گیا ہے اور میں بھی تھک جانے کے بعد اخبار پڑھنے لگا ہوں۔ ہوا خوشگوار ہے اور املتاس کے پھولوں کا سایہ ہم دونوں کے سروں پر ہے۔ خبروں میں کوئی خاص بات نہ تھی۔ میں تھوڑی ہی دیر میں اوب کر ادھر اُدھر دیکھنے لگا۔ اسی وقت ڈی لکس دھڑ دھڑاتی ہوئی گزر گئی، بہت تیز رفتاری سے۔ اسے لمبا سفر جو طے کرنا تھا۔ دلّی سے ہوڑہ تک لمبے سفر کے لیے تیز رفتاری تو ضروری ہی ہے۔ اس کے بعد راجدھانی، شاہی ٹرین کی اپنی ہی شان تھی۔

18۔ افسانہ ''سکون کی نیند'' کا خلاصہ لکھیے۔ 3

یا

سبق ''مچھر'' کا خلاصہ لکھیے۔

19۔ مندرجہ ذیل بند کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے:- 3

خدا جانے تھے ان لوگوں میں کیا کیا جوہر قابل؟
خدا معلوم رکھتے ہوں گے یہ ذہنِ رسا کیسے؟
خدا ہی کو خبر ہے کیسے کیسے ہونگے صاحب دل؟
خدا معلوم ہوں گے بازوے زور آزما کیسے؟

یا

مندرجہ ذیل غزل کے اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے:-

(i) منزل نہ ملی تو قافلوں نے
رستے میں جما لیے ہیں ڈیرے

(ii) اول شب وہ بزم کی رونق، شمع بھی تھی پروانہ بھی
رات کے آخر ہوتے ہوتے ختم تھا یہ افسانہ بھی

20۔ نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو؟'' کا خلاصہ لکھیے۔ 3

یا

نظم ''ملکِ بے سحر وشام'' کا خلاصہ لکھیے۔

## (SECTION-D) (د) حصّہ

نوٹ:- مندرجہ ذیل تفصیلی سوالات کے جوابات تقریباً 250 الفاظ میں لکھیے:-

21۔ مرزا غالبؔ کی سوانح حیات اور خطوط نگاری پر روشنی ڈالیے۔ 4

یا

بلونت سنگھ کی سوانح حیات اور افسانہ نگاری پر روشنی ڈالیے۔

22۔ اقبالؔ کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے۔ 4

یا

جاں نثار اخترؔ کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے۔

23۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے:- 4

(i) آن لائن تعلیم

(ii) ماحول کی آلودگی

(iii) میری پسندیدہ شخصیت

۔۔۔ختم شد۔۔۔